# تعلیم القرآن خط وکتابت کورس

داخلہ فارم بذریعہ ای میل یا فون (واٹس ایپ) منگوایا جا سکتا ہے۔

داخلہ فارم منگوانے کے لیے اس فون نمبر یا ای میل پر رابطہ کریں۔

**فون نمبر:** 0331-7556222

**ای میل:** ccourse.isb@alhudapk.com

داخلہ فارم درست اور مکمل پُر کر کے submit کریں۔

داخلہ فارم موصول ہونے پر **Blinq System** کی طرف سے آپ کو ایک چالان فارم /Voucher بذریعہ ای میل بھجوایا جائے گا۔

تعلیم القرآن کورس کے رجسٹریشن چارجز درج ذیل ہیں۔

**اندرونِ ملک:-** 1500/ روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک:** 70 ڈالر (امریکی) یا اس کے مساوی

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔

فیس کا چالان فارم blinq کی لسٹ میں دیئے گئے کسی بھی بنک میں جا کر جمع کروایا جا سکتا ہے یا کسی بھی بنک کی موبائل فون ایپ یا ایزی پیسہ یا جاز کیش کے ذریعے آن لائن جمع کروایا جا سکتا ہے۔کوشش کریں کہ چالان فارم موصول ہوتے ہی فیس جلد از جلد چالان فارم پہ دی گئی due date کے اندر اندر جمع کروا دیں۔

بیرون ملک سے فیس بھجوانے کے لیے Blinq کے علاوہ الھدیٰ کے مندرجہ ذیل فیس پورٹل پر کلک کر کے دی گئی ہدایات کے مطابق عمل کیا جا سکتا ہے۔اس میں اپنے چالان فارم /voucher کا نمبر ڈالنا ضروری ہوگا۔

**https://www.alhudapk.com/OR**

فیس موصول ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر آپ کو رجسٹریشن لیٹر بھیج دیا جائے گا۔

**نوٹ:** ایسے مستحق افراد جو فیس ادا نہ کر سکتے ہوں انکے رجسٹریشن چارجز ادارہ زکوٰۃ یا صدقات فنڈ سے ادا کرے گا اس صورت میں ضرورت مند افراد داخلہ فارم میں سپانسر شپ کے لیے درخواست کریں اور اس کی وجہ بھی ضرور تحریر کریں۔



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تعلیم القرآن

## خط وکتابت کورس

علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔علم خواہ دین کا ہو یا دنیا کا دونوں ہی انسان کی ضرورت ہیں بشرطیکہ انسان اس سے فائدہ اُٹھائے۔

دنیا کا نفع مند علم جہاں انسان کی دنیاوی ضروریات پوری کرنے کے لیے ضروری ہے وہاں دین کا علم دنیاوی فلاح کے ساتھ ساتھ آخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔

قرآن مجید کا سیکھنا اور سکھانا ضروری ہے اور یہ بہترین علم بھی ہے اور عبادت بھی۔جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

**خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَ عَلَّمَهُ**

”تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے“۔

[صحیح البخاری:5027]

اسی فرمانِ رسول ﷺ کی روشنی میں الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن نے قرآن مجید کی تعلیم عام کرنے کے لئے مختلف مقامات پر انسٹیٹیوٹ قائم کئے ہیں، نیز اندرون ملک تعلیم قرآن کے لئے برانچز اور کلاسز بھی قائم کی ہیں۔

خواتین وحضرات کی کثیر تعداد ایسی بھی ہے جو خواہش مند ہونے کے باوجود متعدد وجوہات کی بنا پر کلاسز میں آ کر قرآن مجید کی باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتی۔لہٰذا ایسے افراد کی سہولت کے لیے 1997ء میں تعلیم القرآن خط وکتابت کورس کا اجراء کیا گیا جسکے ذریعے بہت سے افراد (اندرون ملک اور بیرون ملک) گھر بیٹھے قرآن مجید سیکھنے اور سمجھنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں



## مقاصد

- قرآن مجید کا بنیادی فہم حاصل کرنے کے بعد اس کو مزید گہرائی سے لفظ بہ لفظ سمجھنا اور اس کی مفصل تفسیر کا علم حاصل کرنا۔
- قرآن پاک کے تمام موضوعات کو احادیث کی روشنی میں جاننا تا کہ ہم اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں اور باعمل مسلمان بن سکیں۔

## اہلیت

کسی بھی شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے اور کسی بھی عمر کے افراد جو پڑھنا لکھنا جانتے ہوں اور فہم القرآن کورس مکمل کر چکے ہوں۔

**نصاب:** قرآن مجید (مکمل) لفظی ترجمہ و تفصیلی وضاحت۔اس کو تعلیم القرآن 2007/2005 (کینیڈا) کے لیکچرز کی مدد سے سنا جائے گا جو الھدیٰ کی ویب سائٹ www.farhathashmi.com اور الھدیٰ کی App **Quran For All** میں موجود ہیں۔انگریزی میں کورس کرنے والوں کو فہم القرآن از تیمیہ زبیر 2012 (کینیڈا) کے لیکچرز سننا ہوں گے۔

## کورس کی مدت

کورس کو مکمل کرنے کا دورانیہ زیادہ سے زیادہ تین سال ہے۔اس مدت میں کورس مکمل نہ کرنے کی صورت میں ری رجسٹریشن کرانی ہوگی۔طلبہ کی سہولت کے لئے قرآن مجید کو تقریباً 300 اسباق پر تقسیم کیا گیا ہے۔اگر **ایک ماہ میں ایک پارہ مکمل کیا جائے** تو اڑھائی سال میں کورس مکمل ہو سکتا ہے (ان شاءاللہ)۔

# تعلیم القرآن
## خط و کتابت کورس

## ضروریات کورس

1. سادہ / بیاض والا قرآن مجید یا پارہ، جس میں ترجمہ و تفسیر لکھنے کی گنجائش ہو۔
طلبہ کی سہولت کے لیے اردو اور انگریزی ترجمہ والے پارے بھی مہیا کیے گئے ہیں۔
2. کتابچہ: **ہدایت نامہ برائے طالب علم تعلیم القرآن کورس**۔ یہ شعبہ خط و کتابت مہیا کرے گا۔
3. مثالی طالب علم (آڈیو لیکچرز): کورس کرنے میں آسانی کے لیے۔
4. تعلیم القرآن 2005 لفظی ترجمہ و تفسیر از ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے تمام اسباق میموری کارڈ، الہدیٰ کی ویب سائٹس اور الہدیٰ Apps پر موجود ہیں۔ انگریزی میں کورس کرنے والوں کے لیے تفسیر و ترجمہ کے لیکچرز انگریزی میں دستیاب ہیں۔

## رجسٹریشن چارجز

**اندرونِ ملک** -/1500 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک** 70 ڈالر (امریکی) یا اسکے مساوی (برائے مکمل کورس)

ان چارجز میں Blinq service کے کچھ اضافی چارجز بھی جمع کیے جائیں گے۔
کورس کی فیس آپ کو بھیجے گئے چالان فارم / vocher کیساتھ جمع کرانی ہوگی۔

## امتحانات

- طالب علم کا علم و فہم جانچنے کے لیے ہر پارہ کی تکمیل پر اس کا امتحان لیا جاتا ہے، لہٰذا ایک پارہ مکمل کرتے ہی طالب علم شعبہ خط و کتابت کو سوالنامہ / پیپر بھجوانے کے لیے بذریعہ ای میل یا فون خود اطلاع دینا ہوگی۔
- پرچہ حل کرنے سے پہلے اس پر اپنا نام، رجسٹریشن نمبر، تاریخ اور پتہ ضرور لکھیں۔
- پوری دیانت داری سے پرچہ حل کریں اور تصحیح کے لیے شعبہ خط و کتابت کو بھیج دیں اور اسی تسلسل کے ساتھ کورس مکمل کریں۔
- ہر پرچہ میں کم از کم 80% نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں، بصورت دیگر دوبارہ



امتحان / ری ٹیسٹ دینا ہوگا۔
- اردو کے علاوہ کسی دوسری زبان میں پرچہ دینے کے خواہش مند طلبہ ادارے کو پیشگی اطلاع دیں۔
- کورس میں کامیاب ہونے والے طالب علم کو آئندہ ہونے والی الہدیٰ کانووکیشن پر سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## انچارج سے رہنمائی

- خط و کتابت کورس کے دوران نگران سے رابطہ رکھنا ضروری ہے۔
- سبق سننے کے دوران کوئی بات سمجھ نہ آئے یا کوئی سوال ذہن میں آئے تو بذریعہ خط یا ای میل شعبہ انچارج سے پوچھیں۔
- مزید معلومات کے لیے شعبہ خط و کتابت سے دیے گئے ایڈریس پر رابطہ کریں۔

حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

**خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَ عَلَّمَهُ**

”تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے“

[صحیح البخاری:5027]


**الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان**

اسلام آباد: 7۔ اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد

فون: 9--4866125-51-92+ / 7556222-331-92

ccourse.isb@alhudapk.com

کراچی: E-59، خیابانِ سحر، DHA فیز 6، کراچی

فون: 3964629-335-92+ / 8-35171136-21-92+

cc.dept.khi@alhudapk.com

acd.dept.khi@alhudapk.com

www.farhathashmi.com www.alhudapk.com


06010035